# پہلے آئیے پہلے پائیے

www.KitaboSunnat.com

سلیم رؤف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

www.KitaboSunnat.com

عطا اس کی قلم نام خدا سے میں چلاتا ہوں
نیا مفہوم ملتا ہے میں آگے لکھتا جاتا ہوں

اللہ بزرگ و برتر کا احسان عظیم ہے کہ اس نے مجھے یہ ننھی منی تحریریں لکھنے کی توفیق عطا فرمائی اور پھر ان میں اتنا اثر اور برکت دی کہ اب تک تقریباً ایک کروڑ افراد ان کا مطالعہ فرما چکے ہیں، مختلف زبانوں میں تراجم ہوئے، ہزاروں خطوط موصول ہوئے، لاکھوں بہن بھائیوں نے فون پر رابطہ کیا، ہزاروں خود تشریف لائے اور بتایا کہ کس طرح اللہ کی توفیق سے ان تحریروں نے انکی زندگی کا رخ بدلا۔

گوجرانوالہ: ''نمازِ جمعہ کے بعد مسجد کے باہر ایک صاحب ''ننھا مبلغ'' تقسیم کر رہے تھے۔ میں بھی لیکر گھر پہنچا۔ چھوٹی بیٹی نے پڑھنا شروع کیا تو سب کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور اُسی وقت سب نے فیصلہ کیا کہ آئندہ اس گھر میں کبھی ٹی وی نہیں چلے گا''۔

لاہور: ''بسنت سے ایک دن پہلے 40 ہزار روپے کی ڈور اور پتنگیں خرید کر لایا تو ایک دوست نے ''واہ رے مسلمان'' پکڑاتے ہوئے بڑے پیار سے کہا ''بھائی! مہربانی فرما کر آج رات اسے پڑھ کر سونا''۔ پڑھتے ہی میرے تو تن بدن میں آگ سی لگ گئی، میں اُسی وقت ڈور اور پتنگیں واپس کرنے چلا گیا۔ دوکاندار کہنے لگا اب آدھی قیمت پر واپس لوں گا۔ میں نے اس سے 20 ہزار روپے لئے اور قریبی مسجد میں جمع کروا دیئے''۔

سیالکوٹ: ''صبح اٹھا تو حیران رہ گیا کہ بچوں نے ڈور اور پتنگوں کو صحن میں آگ لگائی ہوئی تھی۔ بیوی نے بتایا کہ رات کو ''واہ رے مسلمان'' پڑھ رہے تھے۔ میں نے اُسی وقت فیصلہ کیا کہ ایسی پر اثر تحریر ہر گھر میں ہونی چاہیے۔ آپ مجھے 20 ہزار کتابچے ابھی بھیج دیں''۔

فیصل آباد: ''سلیم بھائی! تمام کتابچوں کے 500 سیٹ ابھی بھیج دیں۔ کل ایک دوست کی شادی ہے۔ میری خواہش ہے کہ میرج ہال کے گیٹ پر ہر مہمان کو ایک ایک سیٹ لفافے میں پیک کر کے تحفہ دوں''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہاولپور: ''بھائی! اتنا لمبا سفر کر کے صرف آپ کو مبارک باد دینے آیا ہوں یقیناً آپ سن کر خوش ہوں گے کہ پچاس سال تک داڑھی مونڈتا رہا مگر ''شیطان سے انٹرویو'' پڑھنے کے بعد اب اللہ کے فضل سے داڑھی رکھ لی ہے''۔

لیہ: ''بھائی جان! اللہ کی توفیق سے آپکی تحریر ''اندر جانا منع ہے'' نے میری اور میری کزن کی زندگی بدل کر رکھ دی۔ الحمدللہ! اب ہم دونوں پردے کا بہت خیال رکھتی ہیں اور ہر نماز کے بعد آپکے لئے دعا کرتی ہیں''۔

کویت: ''ایک دوست کو کتابچے دیئے تو مسکرا کر کہنے لگا! ''یہ تو میں دورانِ قید سنٹرل جیل کویت میں پڑھ چکا ہوں جہاں یہ قیدیوں کیلئے عربی اور انگریزی تراجم میں بھی موجود تھے''

سعودی عرب: ''ننھا مبلغ'' پڑھتے ہی ارادہ کیا کہ پاکستان جاتے ہی آپ سے ملاقات کروں گا۔ آپ سن کر حیران ہوں گے کہ اب تک تقریباً ایک لاکھ فوٹو کاپیاں جدّہ شہر کے ایک ایک دفتر، دکان اور گھر میں تقسیم کر چکا ہوں''۔

ہندوستان: ''سلیم بھائی! دو ہزار کتابچے بذریعہ ڈاک اتر پردیش بھیج دیں۔ 23 تاریخ کو ایک شادی میں تقسیم کرنے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید لکھنے کی توفیق عطا فرمائے''۔ (آمین)

امریکہ: ''بھائی جان! دس ہزار روپے بھیج رہی ہوں۔ آپ یہ کتابچے کسی مناسب جگہ تقسیم فرما دیں تاکہ لوگوں کی اصلاح ہو اور یہ کام میرے لئے صدقہ جاریہ بنے''۔ (آمین)

اللہ تعالیٰ اُن تمام بہن بھائیوں کے مال، جان اور اولاد میں برکت دے جنہوں نے ان تحریروں کی تقسیم میں خصوصی دلچسپی لی۔ اللہ تعالیٰ میری والدہ محترمہ کی عمر میں خیر و برکت عطا فرمائے اور میرے والد گرامی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے جو 14 مئی 2005 کی صبح لیاقت باغ گوجرانوالہ سے سیر کر کے گھر تشریف لا رہے تھے کہ اچانک چاند گاڑی لگنے سے اللہ کو پیارے ہو گئے۔

(انا للہ وانا الیہ راجعون)

محتاجِ دعا و اصلاح
سلیم رؤف
0300-6404457
0321-6404457

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پہلے آئیے پہلے پائیے

اخبار کے چوتھائی صفحہ پر ایک رنگین اشتہار .... چھوٹی سی بچی جھولے پر بیٹھی ہے .... پیچھے کھڑی اس کی ماما اُسے جھولا دے رہی ہے .... سامنے اسکے پاپا دونوں بازو پھیلائے اُسے پکڑنے کیلئے تیار کھڑے ہیں .... لال پیلے پھولوں سے سجا سر سبز لان .... درمیان میں رنگ برنگی چھتری کے نیچے چار کرسیاں .... میز کے اوپر ٹرے میں چند گلاس اور منرل واٹر کی بوتل .... کونے میں دو خوبصورت خرگوش .... گیراج میں بغیر نمبر پلیٹ کے سفید رنگ کی پراڈو گاڑی کھڑی ہے .... بقیہ ترتیب کچھ اسطرح ہے ....

ہر قسم کی ضروریات زندگی سے آراستہ جدید رہائشی منصوبہ

پہلے آئیے .... پہلے پائیے

## ماڈل کالونی

افتتاح صوبائی وزیر خزانہ 5، 10 اور 20 مرلہ سکیم

بین الاقوامی شہرت کی حامل تعمیراتی کمپنی اور تجربہ کار انجینئرز کی زیر نگرانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خصوصیات:

- پرسکون اور وی آئی پی ماحول ❖ برلب نہر ❖ کشادہ سڑکیں
- بوائز اینڈ گرلز سکول و کالج ❖ فیملی ہسپتال ❖ جامع مسجد
- خوبصورت باغات ❖ جدید سیورج سسٹم
- ٹیلیفون، پانی، بجلی، گیس، جنریٹر اور ٹرانسپورٹ کی سہولت۔

رات کو ٹیلیویژن پر خبرنامہ سے پہلے.... ایک دیو قامت M نما گیٹ کے دونوں طرف باوردی گارڈز بندوقیں تانے مستعد کھڑے ہیں.... کالے رنگ کی بڑی سی گاڑی رکی .... شیشہ اترا.... سیکورٹی گارڈ آگے بڑھا.... السلام علیکم کہا.... شناختی کارڈ دیکھا .... جانے کا اشارہ کیا.... خوبصورت دورویہ سڑک.... درمیان میں کھجور کے درختوں کی لمبی قطار.... دیدہ زیب سٹریٹ لائٹس.... عالی شان بنگلے۔

اچانک گاڑی ایک بنگلہ کے سامنے رکی.... ہارن کی آواز سنتے ہی ایک چاک وچوبند باوردی چوکیدار آگے بڑھا.... گیٹ کھولا اور صاحب کو سلام کرتے ہوئے گاڑی کے دروازے کی طرف لپکا۔

یہ منظر دیکھ کر ہر شخص کی رال ٹپکنا شروع ہو جاتی ہے کہ ابھی فون پر رابطہ کر کے معلومات حاصل کی جائیں.... بچے.... ''بابا جانی! آپ بھی یہاں پلاٹ لے لیں''.... ''بیٹا! یہاں تو پلاٹ بہت مہنگا ہوگا''.... ''پاپا! بیشک آپ اس گھر کو بیچ دیں.... ہم اسے دیکھ دیکھ کر اکتا چکے ہیں.... گاڑی بھی بیچ دیں.... ہم رکشہ پر سکول چلے جایا کریں گے''۔

بیوی.... ''یار.... میں تو جب بھی یہ اشتہار دیکھتی ہوں.... یوں لگتا ہے دل ابھی اچھل کر باہر آ جائیگا.... میرا زیور بیچ دو.... کوئی کمیٹی ڈال دو.... ہو سکتا ہے پہلی یا دوسری نکل آئے.... یا سود پہ لے لو ہر ماہ قسط دے دیا کریں گے.... آخر ہم نے بچوں کے رشتے بھی کرنے ہیں.... کوٹھی بڑی نہ ہو تو آجکل کوئی دروازے کی دہلیز پار نہیں کرتا.... پھر تمہارے تعلقات کس دن کام آئیں گے.... جانو! تم نے آج تک میری کوئی بات نہیں ٹالی.... دیکھ لو.... یہ آخری فرمائش بھی پوری کردو''....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رات کو اشتہار دیکھا.... صبح فیملی سمیت موقع پر پہنچ گئے.... مگر یہاں.... کھلا میدان.... تھوڑا سا سامان.... ریت، بجری اور اینٹوں کا ڈھیر.... نہ داخلی گیٹ.... نہ سڑکیں.... نہ باغات.... نہ بنگلے۔

قابل احترام بھائیو! پیاری بہنو اور ننھے منے بچو.... چھوڑیں اس اشتہار کو.... یہ تو دھوکے کا سامان ہے.... اس کی کوئی حقیقت نہیں.... آئیں.... میں آپکو ایک ایسی جگہ لئے چلتا ہوں.... اگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپکو یہاں پلاٹ مل گیا تو سمجھ لینا کہ آپ کامیاب ہو گئے.... اور اللہ کی قسم! یہی اصل کامیابی ہے.... یہاں کی سہولیات اور خصوصیات کے متعلق سب سے سچی زبان.... زبان محمد ﷺ سے موتیوں جیسے یہ الفاظ نکلے ہیں....

''جنہیں کسی آنکھ نے دیکھا نہیں.... نہ کسی کان نے انکی تعریف سنی ہے.... نہ ہی انکا تصور کسی آدمی کے دل میں پیدا ہوا ہے''.... (مسلم)

آئیں قرآن کھولیں.... سورۃ الحدید آیت نمبر 21 نکالیں.... دائیں ہاتھ کی انگلی الفاظ کے اوپر رکھیں.... اب ایک ایک لفظ ٹھہر ٹھہر کر خوب تدبر کے ساتھ پڑھیں....

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ .... بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللهِ وَرُسُلِهٖ ۞ ذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۞ وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۞

تیزی سے آگے بڑھو اپنے رب کی مغفرت کی طرف اور اس جنت کی طرف جسکی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کے برابر ہے۔ جو تیار کی گئی ہے ان کے لیے جو ایمان لائے اللہ اور اسکے رسولوں پر۔ یہ اللہ کا فضل ہے۔ وہ عطا فرماتا ہے جسکو چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا ہی فضل فرمانے والا ہے۔

خصوصیات کیلئے دیکھیں.... سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ.... سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ.... سُوْرَةُ الدَّهْرِ.... مزید معلومات کیلئے پورے قرآن کا مطالعہ کریں اور ساتھ ساتھ دونوں جگہوں کا موازنہ کرتے جائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آئیں.... موازنہ.... کریں۔

یہاں.... افتتاح صوبائی وزیرخزانہ کریں گے....

وہاں.... افتتاح محبوبِ ربِ ذوالجلال.... حضرت محمد ﷺ کریں گے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''قیامت کے روز میں (سب سے پہلے) جنت کے دروازے پر آؤں گا اور دروازہ کھلواؤں گا.... جنت کا دربان (دروازہ کھٹکھٹانے پر) پوچھے گا ''کون ہے'' میں جواب دوں گا.... ''محمد''.... دربان کہے گا ''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا تھا کہ آپ سے پہلے کسی کے لیے دروازہ نہ کھولوں'' (مسلم)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... چھوٹے سے چھوٹا پلاٹ ''5 مرلہ سکیم''.....

وہاں.... چھوٹے سے چھوٹا پلاٹ.... دنیا کی کسی بڑی سلطنت سے بھی دس گناہ بڑا۔

رسول اللہ ﷺ نے جنت میں داخل ہونے والے آخری آدمی کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ جب اُسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت میں داخل ہونے کی اجازت ملے گی تو وہ عرض کرے گا....
یااللہ! اب تو ساری جگہ پُر ہو چکی.... میرے لیے کیا بچا ہوگا....؟
اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اگر تجھے دنیا کے کسی بڑے سے بڑے بادشاہ کی مملکت کے برابر جگہ مل جائے تو تُو خوش ہو جائے گا....؟ بندہ عرض کرے گا.... ہاں اللہ کیوں نہیں....؟ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے ''جاؤ جنت میں تمہارے لیے دنیا کی بڑی سے بڑی سلطنت کے برابر اور اس سے دس گناہ مزید جگہ بھی ہے'' (مسلم)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... ایم سٹائل کا دیو قامت دروازہ۔

وہاں.... ایک دروازے کی چوڑائی تقریباً 1250 کلومیٹر۔

''قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جنت کی چوکھٹ کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا مکہ اور بصرہ (شام کے ایک شہر کا نام) کے درمیان ہے'' (مسلم)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... برلب نہر۔

وہاں.... ہر پلاٹ برلب نہر.... نہر بھی صرف پانی کی نہیں بلکہ شہد، دودھ اور شراب کی نہریں۔

''جنت میں پانی، شہد، دودھ اور شراب کی نہریں ہیں اور ان نہروں سے (چھوٹی نہریں) نکلیں گی (جو جنتیوں کے محلات میں جائیں گی)'' (ترمذی)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... پرسکون ماحول۔

وہاں.... ساری زندگی دکھوں اور مصیبتوں میں بسر کرنے والا شخص وہاں پہنچتے ہی دنیا کے سارے دکھ اور غم بھول جائے گا۔

''قیامت کے روز ایسے شخص کو لایا جائیگا.... جس کا جہنم میں جانا طے ہو چکا ہوگا.... دنیا میں اس نے بڑی عیش کی ہوگی.... اسے دوزخ میں ایک غوطہ دیا جائے گا اور اسے پوچھا جائیگا ''اے ابن آدم! کیا دنیا میں تم نے کوئی عیش و عشرت دیکھی....؟ کبھی دنیا میں تمہارا ناز و نعم سے واسطہ پڑا''....؟ وہ کہے گا ''اے میرے ربّ! تیری قسم.... کبھی نہیں۔'' پھر ایسے آدمی کو لایا جائیگا جو جنتی ہوگا لیکن دنیا میں بڑی تکلیف وہ زندگی بسر کی ہوگی.... اسے جنت میں ایک غوطہ دیا جائیگا اور اسے پوچھا جائیگا ''اے ابن آدم! کبھی دنیا میں تو نے کوئی تکلیف دیکھی یا رنج و غم سے کبھی تمہارا واسطہ پڑا''....؟ وہ کہے گا ''اے میرے ربّ! تیری قسم کبھی نہیں.... مجھے تو نہ کبھی رنج و غم سے واسطہ پڑا.... نہ کبھی کوئی دکھ یا تکلیف دیکھی۔'' (مسلم)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہاں.... پانچ لاکھ روپے فی مرلہ۔
وہاں.... پوری دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔ وہاں کی ایک انچ جگہ کی قیمت نہیں ہوسکتی
"جنت میں چھڑی کے برابر جگہ.... دنیا اور دنیا میں ہر چیز سے بہتر ہے" (ترمذی)
کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... بہترین سیورج سسٹم۔
وہاں.... تھوک، بلغم اور پیشاب پاخانہ ہی نہیں آئیگا۔
"انہیں تھوک نہیں آئیگی، نہ ناک، نہ رفع حاجت کی ضرورت محسوس کریں گے" (بخاری)
کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... بین الاقوامی شہرت کی حامل تعمیراتی کمپنی اور تجربہ کار انجینئرز کی زیر نگرانی۔
وہاں.... اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے تعمیر فرمایا ہے۔
"جنت عدن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے تعمیر فرمایا ہے" (ابن ابی الدنیا)
کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... سنگ مرمر، گرینائٹ اور ٹف ٹائل۔
وہاں.... "ایک اینٹ سفید موتی کی.... ایک سرخ یاقوت کی.... ایک زمرد کی ہے
.... اسکی مٹی مسک کی ہے.... اس کے سنگریزے لؤلؤ کے ہیں.... اس کا گھاس
زعفران کا ہے" (ابن ابی الدنیا)
کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... فروٹ مارکیٹ۔
وہاں.... "پھل ہر وقت پہنچ میں ہونگے۔ یہاں تک کہ کھڑے، بیٹھے، چلتے پھرتے،
جب چاہیں گے، توڑ سکیں گے اور جب کسی درخت کا پھل توڑیں گے تو اس کی
جگہ فوراً نیا پھل آجائے گا" (طبرانی)

یہاں.... باوردی خدام
وہاں.... خدام گرد و غبار سے محفوظ کئے ہوئے.... موتیوں کی طرح صاف ستھرے اور
حسین و جمیل ہونگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اہل جنت کی خدمت کے لئے وہ لڑکے دوڑتے پھر رہے ہونگے.... جو انہی (کی خدمت) کے لیے مخصوص ہونگے.... ایسے خوبصورت جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی (سورۃ طور 24)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... بیوٹی پارلر کی سہولت

وہاں.... عورتوں کو بیوٹی پارلر نہیں جانا پڑے گا.... بلکہ اللہ تعالیٰ گھر بیٹھے ہی ان کے حسن و جمال میں اضافہ فرما دے گا۔

''جنت میں ایک بازار ہے.... جس میں ہر جمعہ کے دن جنتی لوگ آیا کریں گے.... شمال کی طرف سے ایک ہوا چلے گی جس کا گردو غبار (مشک اور زعفران پر مشتمل ہوگا جب وہ) جنتیوں کے چہروں پر پڑے گا تو اس سے ان کے حسن و جمال میں اضافہ ہو جائیگا.... جب وہ پلٹ کر اپنے گھر آئیں گے.... تو انکی بیویوں کا حسن و جمال بھی پہلے سے زیادہ ہو چکا ہوگا.... بیویاں اپنے مردوں سے کہیں گی.... واللہ! تمہارا حسن و جمال ہمارے بعد بہت بڑھ گیا ہے.... جنتی لوگ کہیں گے واللہ! ہمارے بعد تمہارا حسن و جمال بھی بہت بڑھ گیا ہے''.... (مسلم)

''اگر جنت کی عورت دنیا میں جھانک لے تو مشرق و مغرب کے درمیان ہر چیز کو روشن کر دے اور فضا کو خوشبو سے بھر دے.... جنتی عورت کے سر کا دوپٹہ.... دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے.... سب سے بہتر ہے'' (بخاری)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... دورویہ سڑک کے درمیان کھجور کے ہرے بھرے درختوں کی لمبی قطار۔

وہاں.... ''جنت کی کھجور کا تنا سبز زمرد کا ہوگا.... اس کی ٹہنی کی جڑ سرخ سونے کی ہو گی اور اس کی شاخ سے اہل جنت کی پوشاک تیار کی جائے گی.... ان کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لباس اور بچھے بھی اسی سے بنائے جائیں گے .... کھجور کا پھل مٹکے یا ڈول کے برابر ہوگا.... جو دودھ سے زیادہ سفید.... اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا(شرح السنۃ)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... ہسپتال کی سہولت۔

وہاں.... بیماری کوئی نہیں ہوگا.... "تم لوگ ہمیشہ صحت مند رہو گے.... کبھی بیمار نہیں ہو گے.... ہمیشہ زندہ رہو گے.... کبھی موت نہیں آئیگی.... ہمیشہ جوان رہو گے.... تمہیں کبھی بڑھاپا نہیں آئے گا.... ہمیشہ مزے کرو گے .... تم کبھی رنجیدہ نہیں ہو گے" (مسلم)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

یہاں.... قبرستان کی سہولت۔

وہاں.... موت نہیں آئے گی.... بلکہ موت کو سب کے سامنے ذبح کر دیا جائے گا۔

"اللہ تعالیٰ جب اہل جنت کو جنت میں اور اہل جہنم کو جہنم میں داخل کردے گا تو موت کھینچ کر لائی جائے گی پھر اسے ٹھہرایا جائیگا ایک دیوار پر جو اہل جنت اور اہل جہنم کے درمیان واقع ہوگی.... پھر کہا جائے گا .... "اے جنت والو"....وہ خوفزدہ ہو جائیں گے.... پھر کہا جائے گا .... "اے جہنم والو"....وہ خوش ہو کر متوجہ ہو جائیں گے.... انہیں شفاعت کی امید ہوگی.... پھر اہل جنت اور اہل جہنم کو مخاطب کر کے کہا جائے گا.... "کیا تم اس کو پہچانتے ہو"....؟ اہل جنت اور اہل جہنم دونوں کہیں گے.... "ہم پہچانتے ہیں یہ موت ہے جو ہم پر (دنیا میں) مسلط کی گئی تھی".... چنانچہ اسے دیوار پر لٹا کر ذبح کر دیا جائے گا.... پھر کہا جائے گا.... "اے جنت والو! آج کے بعد موت نہیں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جنت میں رہو.... اور اے جہنم والو! آج کے بعد موت نہیں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جہنم میں رہو" (ترمذی)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہاں....وی آئی پی ماحول....ایم پی اے، ایم این اے، بیوروکریٹس، فوجی افسران اور وزراء کی رہائش گاہیں۔

وہاں....انبیاء کرام علیہم السلام....صدیقین....شہداء....صالحین....

اللہ اور اس کے رسولِ مکرم ﷺ کی اطاعت کرنے والوں کی عالی شان اور بلند و بالا رہائش گاہیں۔

کوئی ہے....جو درخواست دے....؟

وہاں....ان شخصیات کے نام الاٹمنٹ ہو چکی ہے۔

- سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
- سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ
- سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ
- سیدنا علی رضی اللہ عنہ
- سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ
- سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ
- سیدنا حسن رضی اللہ عنہ
- سیدنا حسین رضی اللہ عنہ
- سیدنا سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ
- سیدنا عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ
- سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ
- سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ
- سیدنا جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ
- سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ
- سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ
- سیدنا عکاشہ رضی اللہ عنہ
- سیدنا ابن دحداح رضی اللہ عنہ
- سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ
- سیدنا بلال رضی اللہ عنہ
- سیدنا زید بن عمرو رضی اللہ عنہ
- سیدنا سعید بن زید رضی اللہ عنہ
- سیدنا ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ
- سیدنا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ
- سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
- سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا
- سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا
- سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا
- سیدہ مریم بنت عمران رضی اللہ عنہا
- سیدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا
- سیدہ آسیہ رضی اللہ عنہا
- سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا
- سیدہ غمیصا بنت ملحان رضی اللہ عنہا
- مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کرنے والے۔
- اصحاب بدر....
- اصحاب شجر....(صلح حدیبیہ کے موقع پر ایک درخت کے نیچے رسول اکرم ﷺ کے دست مبارک پر جانیں قربان کرنے کے لئے جن ہستیوں نے بیعت کی تھی ان تمام اصحاب رسول ﷺ کو اصحاب شجر کہا جاتا ہے)

کوئی ہے....جو درخواست دے....؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## درج ذیل حضرات فی الحال درخواست دینے کی زحمت گوارہ نہ کریں:۔

- جھوٹی قسم کھا کر دوسرے کا حق مارنے والا.... تکبر کرنیوالا (مسلم)
- اپنی رعایا کو دھوکہ دینے والا حاکم (بخاری)
- حرام طریقے سے مال کمانے اور کھانے والا (بیہقی)
- والدین کا نافرمان.... دیوث (گھر میں بے حیائی برداشت کرنے والا) (حاکم)
- مرد کی مشابہت کرنے والی عورت (حاکم)
- قطع رحمی کرنیوالا.... بلاوجہ طلاق مانگنے والی عورت (ترمذی۔ابن ماجہ)
- احسان جتلانے والا.... ہمیشہ شراب پینے کا عادی (نسائی)
- ہمسائے کو اذیت پہنچانے والا.... بدزبان اور بدمزاج (ابوداؤد)
- خالص کالے رنگ کا خضاب لگانے والا (ابوداؤد)
- اپنے آپ کو جانتے بوجھتے غیر باپ سے منسوب کرنیوالا (بخاری)

### کوئی ہے اللہ کا بندہ... جو یہ کام چھوڑ دے...؟

## صرف اِن خوش نصیبوں کو پلاٹ الاٹ کیئے جائیں گے

- نرم دل، بے ضرر، اللہ سے ڈرنے والے، حلیم الطبع، غریب، مسکین، کمزور، ہر دل عزیز، صلہ رحمی کرنے والے....
- اللہ کی رضا کے لئے بارہ رکعت (نماز فجر سے قبل 2، ظہر سے قبل 4 اور بعد میں 2 مغرب کے بعد 2 اور عشاء کے بعد 2 رکعت سنت) ادا کرنے والے...
- مساجد بنانے والے.... ○ ماں باپ کی خدمت کرنیوالے....
- تنگ دستی کے باوجود دوسروں سے سوال نہ کرنے والے....
- یتیموں کی کفالت کرنے والے....
- اچھی طرح وضو کرکے کلمہ شہادت پڑھنے والے....
- اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے دین کا علم سیکھنے والے....
- مسلمانوں میں سے کسی کی پریشانی یا تکلیف دور کرنے والے....
- دو نابالغ بچوں کے فوت ہونے پر صبر کرنے والے والدین....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



- شریعت کی حلال کردہ چیزوں کو حلال اور حرام کردہ چیزوں کو حرام جاننے والے یعنی ان پر عمل کرنے والے....
- عصر اور فجر کی نماز باقاعدگی سے باجماعت ادا کرنے والے (مسلم)
- نفلی روزے رکھنے والے.... ○ دوسروں کو کھانا کھلانے والے....
- اللہ کی راہ میں جہاد کرنیوالے.... ○ متقی اور اچھے اخلاق کے مالک....
- کثرت سے سلام کرنے والے.... ○ تہجد گزار....
- ''سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ'' کا وظیفہ کرنیوالے....
- ظہر سے پہلے 4 رکعت سنت پر ہمیشگی سے عمل کرنیوالے....
- مسلسل 40 روز تکبیر اولیٰ کیساتھ پانچوں نمازیں پڑھنے والے....
- تکبر، خیانت اور قرض سے پاک (ترمذی)
- عدل کرنے والے حکمران.... ○ دوسروں پر رحم کرنے والے....
- سچ بولنے والے، نرم دل پاکباز.... ○ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانے میں خوشی محسوس کرنے والے اور اسلام کو برضا و رغبت اپنا دین سمجھنے والے....
- زندہ درگور کی گئی لڑکیاں.... ○ حج مبرور کرنے والے حاجی....
- دو یا دو سے زائد بیٹیوں کی دینی تعلیم و تربیت اور جوان ہونے کے بعد ان کا نکاح نیک آدمی سے کرنے والے....
- انبیاءؑ، شہداء اور اہل ایمان کے فوت ہونے والے چھوٹے بچے (ابوداؤد)
- وضو کے بعد دو نفل تحیۃ المسجد باقاعدگی سے ادا کرنے والے....
- اللہ تعالیٰ کے 99 نام یاد کرنے والے (بخاری، مسلم)
- شرم گاہ اور زبان کی حفاظت کرنے والے....
- صبح و شام سید الاستغفار پڑھنے والے....
- بینائی سے محرومی پر صبر کرنے والے.... ○ بیماری پر صبر کرنے والے (بخاری)
- پیدا ہوتے ہی فوت ہونے والے بچے....
- صرف اللہ کی رضا کے لیے اپنے بھائی سے ملاقات کرنے والے....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



○ اپنے شوہروں سے محبت کرنے، زیادہ بچوں کو جنم دینے کی تکلیف اٹھانے اور شوہر کے ظلم پر صبر کرنے والی عورتیں.... ○ غصہ کو پی جانے والے (طبرانی)

○ ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے والے۔ ○ اذان کا جواب دینے والے....

○ اپنے مال کی وجہ سے بے گناہ قتل کئے جانے والے (نسائی)

○ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا کثرت کے ساتھ وظیفہ کرنے والے....

○ حمل ضائع ہونے پر ثواب کی نیت سے صبر کرنے والی عورتیں....

○ صدمہ کے فوراً بعد ثواب کی نیت سے صبر کرنے والے۔ ○ باعمل حفاظ کرام (ابن ماجہ)

○ حق کے مطابق فیصلہ کرنے والے قاضی صاحبان (حاکم)

○ کسی مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں اسکی عزت کا دفاع کرنے والے....

○ انتقام لینے پر پوری طرح قادر ہونے کے باوجود دوسروں کو معاف کرنے والے....

○ ہمسائیوں سے اچھا سلوک کرنے والے (احمد)

## سات خوش نصیبوں کے لیے خصوصی پیکج:۔

① ۔عدل کرنیوالا حکمران۔

② ۔اللہ کی عبادت میں مشغول نوجوان۔

③ ۔جس کا دل مسجد سے نکلنے کے بعد واپس آنے تک مسجد میں اٹکا رہے۔

④ ۔اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے جن کا ملنا اور الگ ہونا خالص اللہ کیلئے ہی ہو۔

⑤ ۔جس نے تنہائی میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا اور اسکی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔

⑥ ۔جسے کسی اونچے خاندان کی خوبصورت عورت نے دعوتِ گناہ دی اور اس نے کہا ''میں اللہ عزوجل سے ڈرتا ہوں''۔

⑦ ۔جس نے اس طرح چھپا کر صدقہ کیا کہ بائیں ہاتھ تک کو پتہ نہ چلے کہ دائیں ہاتھ نے کیا صدقہ کیا ہے۔ (ترمذی)

کوئی ہے.... جو درخواست دے....؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خصوصی پیشکش:۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''اللہ تعالیٰ جنتیوں سے ارشاد فرمائے گا۔ ''اے جنتی لوگو'....وہ عرض کریں گے''اے ہمارے پروردگار! ہم حاضر ہیں تیری جناب میں اور تیری اطاعت میں، بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے۔''....اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔''کیا تم راضی ہو؟''....وہ عرض کریں گے''....اے ہمارے رب ہم راضی کیوں نہ ہوں گے تو نے ہمیں وہ کچھ عطا کر دیا جو اپنی مخلوق میں سے اور کسی کو عطا نہیں کیا۔''....اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے''میں تمہیں اس سے بہتر چیز عطا نہ کروں....؟''جنتی عرض کریں گے''....یا اللہ! اس سے زیادہ بہتر کونسی چیز ہے....؟''اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا''میں تمہیں اپنی رضا مندی سے نواز رہا ہوں.... آج کے بعد میں تم سے کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔''(مسلم)

کوئی ہے....جو درخواست دے....؟

وہاں اللہ کا دیدار نصیب ہوگا۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''جب جنتی لوگ جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرمائیں گے''تمہیں کوئی اور چیز چاہیے؟''....وہ عرض کریں گے.... ''یا اللہ! کیا تو نے ہمارے چہرے روشن نہیں کیے....؟ کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کیا....؟ کیا تو نے ہمیں آگ سے نجات نہیں دلائی''....؟(اور کیا چاہیے)....''پھر اچانک (جنتیوں اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حائل پردہ اٹھ جائے گا.... اور جنتیوں کو اپنے رب کی طرف دیکھنا ہر اس چیز سے زیادہ محبوب لگے گا جو جنت میں دی گئی)''(مسلم)

کوئی ہے....جو درخواست دے....؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محترم بھائیو اور بہنو.... آئیں! سب مل کر اُس رحمٰن اور رحیم سے دُعا کریں.... جس کے فضل کے بغیر وہاں پلاٹ نہیں ملتا....

''یا اللہ! تو ہمیں اتنی خشیت عطا فرما.... جو ہمارے اور ہمارے گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے.... اور ہمیں اتنی اطاعت نصیب فرما.... جو ہمیں تیری جنت میں پہنچا دے.... اور اتنا یقین عطا فرما جو دنیا کے مصائب سہنا ہمارے لئے آسان بنا دے.... یا اللہ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے.... ہمیں ہمارے کانوں، آنکھوں اور دوسری قوتوں سے فائدہ پہنچا.... اور ہمیں اس فائدے کا وارث بنا (یعنی عمر بھر ہمارے حواس صحیح سلامت رکھ).... جو شخص ہم پر ظلم کرے.... اس سے تو انتقام لے.... اور دشمنوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما.... دین کے معاملہ میں ہم پر مصیبت نہ ڈال.... دنیا کو ہماری زندگی کا سب سے بڑا مقصد نہ بنا.... نہ ہی دنیا کو ہمارے علم کی منزل مقصود بنا.... اور ایسے شخص کو ہم پر مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کرے۔ (صحیح جامع ترمذی)

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

500 روپے فی سینکڑہ اس دینی اور اصلاحی لٹریچر کو گھر گھر پہنچانے کے لیے آج ہی منی آرڈر یا ڈرافٹ بھیج کر منگوائیں۔


صفہ اسلامک سنٹر (رجسٹرڈ) بخاری روڈ گوجرانوالہ (پاکستان) Ph:(055)3733186
Fax:(055)3733187. e-mail:suffahislamics@yahoo.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ